فوری ریلیز کے لیے: 5/12/2022 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL نے کوئینز میں 739$ ملین کے کیو گارڈنز انٹر چینج کے جدت پذیر پروجیکٹ کی تکمیل کا اعلان کیا ہے***

***اس ملٹی فیز پروجیکٹ سے مصروف ترین سفری راہداری بہتر ہو جائے گی، JFK ایئرپورٹ تک رسائی میں بہتر آئے گی، تحفظ میں اضافہ ہو گا، اور پُرعزم ماحولیاتی اہداف کو پورا کیا جائے گا***

***سڑک کے راستوں کے ساتھ طوفانی پانی کی اپ گریڈ شدہ نکاسی کے ساتھ ماحولیاتی پائیداری کو تقویت ملے گی***

***پیدل چلنے والوں اور بائیسکل سواروں کے لیے مختص کردہ مشترکہ استعمال کے راستے کے ساتھ ملٹی موڈل آمد و رفت کو فروغ ملے گا***

***پروجیکٹ کی وضاحتی ویڈیو یہاں دیکھیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج کوئینز میں 739$ ملین کے کیو گارڈنز انٹرچینج پروجیکٹ کی تکمیل کا اعلان کیا ہے، جو کہ ریاست نیویارک کی جانب سے اس مصروف ترین سفر والی مسافروں کی راہداری کو بہتر بنانے کے لیے ملٹی فیز کام کی انجام دہی کے اختتام کا اعلان ہے۔ تبدیلی کے اس منصوبے نے پرانے بنیادی ڈھانچے کی ساختی اور فعالیتی خامیوں سے پیدا ہونے والی متعدد اہم مشکلات کا ازالہ کر دیا ہے، جو اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ کس طرح ایک بہتر حکمتِ عملی اور نظریے والا ڈیزائن عوام کو حل فراہم کرتا ہے اور زیادہ سے زیادہ فوائد فراہم کرتا ہے۔

"نیویارک کے بڑے ہوائی اڈوں میں سے ایک ہوائی اڈے کے قریب اس اہم انٹرچینج کی تبدیلی سے ریاست کے آمد و رفت کے نیٹ ورک کو جدید بنانے کے لیے ہماری کوششوں کے نتیجے میں ایک تازہ ترین کامیابی حاصل ہوئی ہے۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "کیو گارڈنز انٹرچینج کے مکمل جائزے سے سڑکوں کا ایک محفوظ، کم گنجان نیٹ ورک فراہم ہو گا - تقریباً 600,000 یومیہ گاڑی چلانے والوں کا سفری تجربہ بہتر ہو گا، معیار زندگی میں بہتری آئے گی، اور آنے والی دہائیوں تک علاقائی معیشت کو فروغ ملے گا۔"

نئے بنائے گئے کیو گارڈنز انٹرچینج سے سفر کے تیز تر اوقات، محفوظ انداز میں داخل ہونے اور باہر نکلنے، اور لاکھوں آنے جانے والوں، مسافروں اور مقامی کاروباروں کے لیے زیادہ قابل اعتماد روابط قائم کرنا ممکن ہو گا جو John F. Kennedy انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور دیگر اہم مقامات تک پہنچنے کے لیے روزانہ اسے استعمال کرتے ہیں۔ اس میں 22 نئے پُل، تین سابقہ بحالی شدہ پُل، وسیع سفری راستے، راستوں کی نئی ترتیب بندیاں، اپ ڈیٹ شدہ اشارے، طوفان کے پانی کی اپ گریڈ شدہ نکاسی، اور پیدل چلنے والوں اور سائیکل سواروں کے لیے مشترکہ استعمال کا ایک نیا راستہ شامل ہے۔

یہ اور دیگر ترقیاتی کام اجتماعی طور پر کوئینز اور آس پاس کی کمیونٹیز کے تمام صارفین کے لیے بہتر حفاظت اور پائیداری فراہم کرتے ہیں۔

کیو گارڈنز انٹرچینج، گرینڈ سینٹرل پارک وے، وین وِک ایکسپریس وے، جیکی رابنسن پارک وے اور یونین ٹرن پائیک کا ایک پیچیدہ چوراہا ہے، جہاں سے روزانہ تقریباً 600,000 گاڑیاں گزرتی ہیں۔ ماضی میں، پورے انٹرچینج میں موجود اہم کوتاہیوں کے نتیجے میں ہجوم اور حادثات کی شرح اوسط سے زیادہ ہو گئی تھی۔ ایک محتاط جائزے کے بعد، ریاست نیویارک کے محکمۂ آمد و رفت (New York State Department of Transportation) نے یہ نتیجہ اخذ کیا تھا کہ ان چیلنجوں سے مناسب طریقے سے نمٹنے کے لیے ایک جرات مندانہ اور پیچیدہ اقدام ضروری تھا اور اس نے انٹرچینج پر متعدد ساختی اور فعالیاتی بہتریاں لانے کے لیے چار تعمیراتی معاہدوں کے ذریعے مشترکہ 739$ ملین کی سرمایہ کاری کی ہے۔

فیز IV، یعنی آخری فیز جس کی لاگت 366$ ملین تھی اور اس کی مالی اعانت ریاست نے فراہم کی تھی، اسے تعمیر کے پہلے تین مراحل کے دوران پہلے سے کیے گئے ترقیاتی کاموں کے ساتھ مربوط کر دیا گیا تھا۔ اس مرحلے میں پانچ نئے پُل لگائے گئے ہیں اور چھ موجودہ پُلوں کو تبدیل کیا گیا ہے؛ سفری لینز اور جانبی راستے کشادہ کیے گئے ہیں؛ ٹریفک کے بہاؤ کو بڑھانے کے لیے ریمپ کی اندرونی اور بیرونی جانب کو بہتر بنایا گیا ہے؛ محفوظ انداز میں ضم ہونے اور باہر نکلنے کے لیے لین کی ترتیب بندی میں تبدیلی کی گئی ہے؛ حدِ نظر کا فاصلہ بہتر کیا گیا ہے؛ اشارے کے نظام کو جدت آمیز کیا گیا ہے؛ اور روشنی، نکاسی آب اور زمینی منظر کی تزئین میں بہتری لائی گئی ہے۔

اکتوبر 2021 میں، گورنر Hochul نے فیز IV کے حصے کے طور پر اہم سنگ میلوں کا اعلان کیا تھا جس میں مغربی جانب کے یونین ٹرن پائیک سے مغربی جانب کے گرینڈ سینٹرل پارک وے میں داخل ہونے والی موٹرسائیکلوں کے لیے، اور مشرقی جانب جیکی رابنسن پارک وے سے گرینڈ سینٹرل پارک وے پر W8 سے باہر نکلنے والوں کے لیے آسان رابطہ فراہم کرنے کے لیے نئے ریمپ کی تکمیل شامل تھی۔ اس وقت، فیز IV کی مدد سے مشرقی جانب والے جیکی رابنسن پارک وے سے مغربی جانب والے گرینڈ سینٹرل پارک وے تک ضم ہونے کی لمبائی میں بھی اضافہ ہوا تھا - جس کے نتیجے میں ریمپ کے آخر میں اسٹاپ کے سائن کو ہٹانا ممکن ہوا تھا - اور نکاسی آب کے نظام کو اپ گریڈ کیا گیا تھا۔

اس وقت سے، فیز IV نے جیکی رابنسن پارک وے سے مشرق کی جانب گرینڈ سینٹرل پارک وے تک ایک اسٹاپ کے اشارے کو ختم کرنے کے لیے پیش رفت کی ہے۔ اس پروجیکٹ میں مغربی جانب والے یونین ٹرن پائیک سے مغربی جانب والے گرینڈ سینٹرل پارک وے تک ریمپ پر ایک تیز رفتار لین بنائی گئی ہے اور ایک اسٹاپ کے اشارے کو بھی ختم کر دیا گیا ہے جہاں یہ دونوں سڑکیں ملتی ہیں۔

اس پروجیکٹ میں گرینڈ سینٹرل پارک وے، یونین ٹرن پائیک، جیکی رابنسن پارک وے، جنوب کی طرف وین وِک ایکسپریس وے اور معیاری چوڑائی والے جانبی راستے کے ساتھ شمالی جانب والے وین وِک ایکسپریس وے روڈ ویز کے درمیان ایک اعلیٰ درجے کے ریمپ والے رابطوں کو بہتر بنایا گیا ہے، تاکہ محفوظ آپریشنز کو ممکن بنایا جائے۔ جنوبی جانب والے وین وِک ایکسپریس وے سے مغربی جانب والے جیکی رابنسن پارک وے تک سنگل لین والے ریمپ کی تعمیر نو سے محفوظ آپریشنز کے لیے ایک معیاری چوڑائی والی لین اور معیاری چوڑائی والا جانبی راستہ تعمیر کیا گیا ہے۔

اس پروجیکٹ میں خاص طور پر گرینڈ سینٹرل پارک وے، یونین ٹرن پائیک اور جیکی رابنسن پارک وے کے ساتھ، سڑک کی موجودہ طغیانی کو کم کرنے کے لیے طوفان کے پانی کی نکاسی کے نظام کی مزید تعمیر نو کی گئی ہے۔

مزید برآں، پراجیکٹ میں پیدل چلنے والوں کی حفاظت پر توجہ دی گئی ہے، جس میں ایک مخصوص مشترکہ استعمال کا راستہ بنایا گیا ہے جو کیو گارڈنز - یونین ٹرن پک سب وے اسٹیشن تک رسائی فراہم کرتا ہے اور موجودہ سائیکل راستوں تک اور وہاں سے سائیکل تک رسائی بھی اس میں شامل ہے۔ مختص کردہ راستے نے پیدل چلنے والے اس راستے کی جگہ لے لی ہے جس کے نتیجے میں پہلے پیدل چلنے والے افراد کافی تیز رفتار گاڑیوں والی ٹریفک کے ساتھ تین کراسنگ استعمال کرنے پر مجبور تھے۔

**ریاست نیویارک کے محکمۂ آمد و رفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "گورنر Hochul کی قیادت میں، ریاست نیویارک مسلسل ایک قومی رہنما رہ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کو آگے بڑھائے گی، اس بات کی عکاسی کرے گی کہ آمد و رفت میں کی گئی یہ بڑی سرمایہ کاریاں کس طرح ہماری معیشت کے لیے ایندھن ثابت ہوتی ہیں اور قابل اعتماد رابطے کے ساتھ کمیونٹیز کو ترقی دینے میں مدد کرتی ہیں۔ نیویارک سٹی اور لانگ آئی لینڈ میں اپنی منزلوں تک پہنچنے کے لیے ہزاروں آنے جانے والے، مسافر اور ٹرک ڈرائیورز روزانہ کیو گارڈنز کے انٹرچینج سے گزرتے ہیں۔ اس ملٹی فیز پروجیکٹ کے بالآخر مکمل ہونے کے ساتھ ہی، ہم اس اہم راہداری پر لوگوں اور سامان کی محفوظ، زیادہ مؤثر آمد و رفت کو یقینی بنا سکتے ہیں۔"

**ریاستی سینیٹر Joseph P. Addabbo, Jr. نے کہا،** "اس کثیر المرحلہ پروجیکٹ کی تکمیل سے اس اہم سڑک کے لیے ایک بالکل نیا سفری ڈھانچہ سامنے آیا ہے۔ کیو گارڈنز انٹر چینج کی مدد سے مسافروں کے لیے JFK ہوائی اڈے سمیت کوئینز کے ارد گرد دلچسپی کے بہت سے مقامات تک بہتر رسائی ممکن ہو جائے گی۔ ان سڑکوں کو سفر کے لیے آسان اور محفوظ بناتے ہوئے - جہاں ڈرائیوروں، سائیکل سواروں اور پیدل چلنے والوں کو فائدہ پہنچے گا - وہیں ان مسافروں اور ساتھ ہی ہمارے شہر سے سفر کرنے والوں کو بھی فائدہ پہنچے گا جو ہر روز ان سڑکوں کو استعمال کرتے ہیں۔"

**رکن اسمبلی Andrew Hevesi نے کہا،** "ایک مضبوط، جدید ترین بنیادی ڈھانچہ ہی ہماری کمیونٹیز کے لیے ریڑھ کی ہڈی کا درجہ رکھتا ہے۔ یہ بنیادی ڈھانچہ ملک بھر کے لوگوں کو آپس میں جوڑ دے گا، اور ہزاروں ڈرائیوروں، بائیک چلانے والوں اور پیدل چلنے والوں کے لیے سفر کو زیادہ محفوظ بنائے گا۔ جب میں اس بڑے اقدام کو مؤثر طریقے سے انجام دینے کے لیے ایک نظریے اور اس کام کی انجام دہی کے لیے ریاستی DOT اور گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتا ہوں، تو میں اپنے تمام پڑوسیوں کی جانب سے بات کرتا ہوں۔"

**کوئینز بورو کے صدر Donovan Richards, Jr. نے کہا،** "کوئینز بورو ہال کے بالکل باہر واقع، کیو گارڈنز انٹرچینج کا کامیاب جائزہ، ہمارے مسلسل کوششوں میں ایک اہم کامیابی اور ایک اہم سنگ میل ہے تاکہ کوئینز کے آمد و رفت کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنایا جائے۔ وہ ڈرائیورز اور مسافر جو میرے دفتر اور کوئینز کے دیگر مقامات تک پہنچنے کے لیے انٹرچینج کے ذریعے سفر کرتے ہیں انہیں اب کم ہجوم اور سفر کے اوقات میں کمی کے ساتھ محفوظ اور ہموار سواریوں کا تجربہ حاصل ہو گا۔ کیو گارڈنز انٹرچینج پروجیکٹ ایک انتہائی اہم اقدام تھا، اور اسے مکمل کرنے پر میں گورنر Hochul اور ریاستی آمدورفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔"

ماضی میں، مکمل شدہ فیز I پروجیکٹ میں وین وِک ایکسپریس وے کے ایک حصے کو چوڑا کرنا اور شمال کی طرف وین وِک سے مغرب کی طرف کوئینز بولیورڈ تک ایگزٹ ریمپ کی بحالی، وین وِک پر چار پُل، مین اسٹریٹ پر وین وِک پُل، اور مین اسٹریٹ پر کوئینز بولیورڈ پُل کی بحالی شامل تھی۔ اس پروجیکٹ میں گرینڈ سینٹرل پارک وے اور مین اسٹریٹ کے درمیان شمال کی طرف اور جنوب کی طرف وین وِک دونوں پر معاون لینز کی تعمیر اور ہل سائیڈ ایونیو کو جنوب کی طرف ایک مختص شدہ خارج ہونے کی لین فراہم کرنا بھی شامل ہے۔

مکمل شدہ فیز II پروجیکٹ میں ایک نیا، شمال کی طرف وسیع تر وین وِک ایکسپریس وے پل بنایا گیا ہے، جو کہ فیز III مکمل ہونے کے بعد اب تین سفری لینز پر مشتمل ہے۔ اس کے علاوہ، اس کی مدد سے جیکی رابنسن پارک وے اور یونین ٹرن پائک کو شمال کی طرف جانے والے وین وِک ایکسپریس وے سے جوڑنے والے ایک لین والے داخلی ریمپ کو ایک نئے دو لین والے ریمپ کے ساتھ تبدیل کر دیا گیا ہے۔ گرینڈ سنٹرل پارک وے رابطہ کار ریمپ پر مشرقی جانب والے یونین ٹرن پائک پُل پر ایک نیا ڈیک نصب کیا گیا تھا، اور اس پُل پر جہاں یونین ٹرن پائک اور جیکی رابنسن پارک وے آپس میں مل جاتے ہیں وہاں ایک نیا ڈیک اور سٹیل گرڈرز نصب کیے گئے تھے۔

مکمل ہونے والے فیز III نے گرینڈ سینٹرل پارک وے کے اوپر موجودہ خستہ حال دو لین والے وین وِک ایکسپریس وے کو جنوب کی طرف جانے والے رابطہ پُلوں کو مسلسل تین لین والے رابطہ پُلوں کے ساتھ تبدیل کر دیا ہے اور مغربی جانب والے یونین ٹرن پائک اور جیکی رابنسن پارک وے کے لیے نئے راستے بنائے گئے ہیں۔ وین وِک

ایکسپریس وے کی تین لینز بھی اب گرینڈ سینٹرل پارک وے کی دو لینز کے ساتھ ایک طویل تر فاصلے پر جا کر مل جاتی ہیں۔

ریاست نیویارک DOT کو Twitter پر فالو کریں: @NYSDOT اور NYSDOT New York City Twitter | (@NYSDOT_NYC)۔ NYSDOT جو فیس بُک پر یہاں تلاش کریں facebook.com/NYSDOT۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418